سوال

(186) دسواں سوال

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دسواں :

وَأَوصـٰنى بِالصَّلو‌ٰةِ وَالزَّكو‌ٰةِ ما دُمتُ حَيًّا ﴿٣١﴾... سورة مريم

اور جب تک زندہ رہوں مجھ کو نماز اور زکوۃ کا ارشاد فرمایا ہے

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے قرآن مجید میں ذکر فرمایا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جو ماں کی گود میں کلام کیا تھا اس میں ایک یہ جملہ بھی تھا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے انہیں یہ حکم بھی دیا ہے کہ وہ جب تک زندہ رہیں نماز پڑھتے اور زکوۃ ادا کرتے رہیں اس میں نہ تو ان کی زندگی کی تحدید ہے اور نہ ہی ان کی وفات کے وقت کا بیان ہے اس کا ذکر تو ان آیت میں ہے جو قبل ازیں بیان کی جا چکی ہیں اور اصول یہ ہے کہ مجمل نصوص کو مفصل پر محمول کیا جاتا ہے بعض کو بعض سے الگ نہیں کیا جاتا اور نہ محض متشابہ آیات ہی کو لے کر اس طرح کوئی فیصلہ کیا جاتا ہے کہ آیات محکمات کو چھوڑ دیا جائے کیونکہ یہ سب آیات اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں اور بعض آیات بعض دیگر وضاحت اور تصدیق کرتی ہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص38